بسم اللہ الرحمن الرحیم

حزب التحریر اسکینڈینوئیا

بہن رومانہ اور بہن روشن کی حمایت میں حزب التحریر اسکینڈینوئیا کے وفد کا پاکستان کے سفارت خانے کا دورہ

حزب التحریر اسکینڈینوئیا کی جانب سے ایک وفد نے پاکستان کے سفارت خانے کے حوالے دو پریس بیانات کیے جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے خائن حکمران امریکی ایجنڈے کی حمایت کر رہے ہیں اور اسے پاکستان کے مسلمانوں پر مسلط کر رہے ہیں اور یہ حکمران اس مقصد کے حصول کے لیے خصوصاً حزب التحریر کے اراکین اور ہمدردوں کو نشانہ بنا رہے ہیں اور اب مزید گھٹیا طریقے اختیار کرتے ہوئے خواتین کو اغوا کر رہے ہیں۔

30 جولائی کو بہن رومانہ کو اغوا کیا گیا جو کہ ایک معلّمہ ہیں اور انہوں نے اسلامک اسٹڈیز میں ماسٹرز کی ڈگری لے رکھی ہے۔ اس طرح 13 اگست 2018 کو علی الصّبح پاکستان کے سکیورٹی اداروں نے ڈاکٹر روشن کے گھر پر دھاوا بول دیا اور انہیں ان کے شوہر کے ساتھ اغوا کر لیا۔ ان کا جرم صرف یہ ہے کہ وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو اپنا رب کہتے ہیں۔۔۔۔۔ لگتا ہے کہ یہ لوگ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ ارشاد بھول گئے ہیں:

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ

"جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں اور توبہ نہ کی ان کو دوزخ کا عذاب بھی ہوگا اور جلنے کا عذاب بھی ہوگا" (البروج:10)

اور رسول اللہ ﷺ کا فرمان کہ:

وَمَنْ عَادَى أَوْلِيَاءَ اللَّهِ فَقَدْ بَارَزَ اللَّهَ بِالْمُحَارَبَةِ"

اور جو کوئی اللہ کے خاص بندوں کے خلاف دشمنی کا مظاہرہ کرتا ہے، اس نے اللہ کے خلاف جنگ کا اعلان کیا ہے"

(حاکم نے معاذ بن جبل سے روایت کیا اور اسے صحیح قرار دیا)۔

اور حدیث قادسی ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ اللَّهَ قَالَ مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ»

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: جو کوئی میرے خاص بندے کے خلاف دشمنی کا مظاہرہ کرتا ہے میں اس کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہوں"

(بخاری نے روایت کیا)۔

اللہ سے دعا ہے کہ وہ بہن رومانہ اور بہن ڈاکٹر روشن اور ان کے شوہر کو اس آزمائش سے نجات عطا فرمائے۔

پیر، 9 ذی الحجہ 1439 ہجری، بمطابق 20 اگست 2018